# 59933 ـ وکیل کے لیے یتیموں کے مال کھانے کا حکم

## سوال

میں اپنے بھائی کے ورثاء کا وکیل ہوں، اور ان کے حقوق اور ضروریات کے متعلق محکمہ سے رابطہ کرتا رہتا ہوں، اور اسی طرح ہر ہفتہ انہیں ملنے بھی جاتا ہوں، تا کہ اس کی اولاد میری اولاد کے ساتھ خوش رہ سکے، سوال یہ ہے کہ انہیں حاصل ہونے والی رقم ( یعنی ان کی تنخواہ اور وظیفہ (15000) ہزار اور ان کے حقوق 400000 ہزار ) ہیں، میرے ذمہ تعمیراتی کام کی بنا پر قرض ہے جس کی مدت چار برس ہے، ان دونوں میں سے افضل اور بہتر کیا ہے کہ آیا میں اپنے اور اپنی اولاد پر تھوڑا دباؤ ڈال لوں یا کہ ان کے علم کے بغیر پٹرول وغیرہ کے اخراجات لے لیا کرو ؟

## پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

شریعت مطہرہ نے یتیم کا ناحق طریقہ سے مال کھانا سات مہلك اشیاء میں شمار کیا ہے، جیسا کہ امام بخاری اور امام مسلم رحمہما اللہ نے صحیح بخاری اور مسلم میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیث نقل کي ہے، یہ ایك ایسی عظیم امانت ہے جس کی ادائیگی سے بہت سارے لوگ عاجز آ جاتے ہیں، اسی لیے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابو ذر رضی اللہ تعالی عنہ کو کئی ایك نصیحت کرتے ہوئے فرمایا تھا:

" اور تم یتیم کے مال کی ذمہ داری نہ لو "

صحیح مسلم حدیث نمبر ( 1826 ).

اور شریعت اسلامیہ نے یتیم کی پروش کرنے والے اور اس کے ذمہ دار پر واجب کیا ہے کہ وہ ان کا اچھی طرح خیال رکھے، اور ان کی تربیت اچھے انداز سے کرے، اور اگر ان کا مال ہو تو اس مال کی بھی اچھے اور بہتر انداز سے کرو اور اسے بڑھاؤ، اور اس کی زکاۃ ادا کی جائے، اور اگر وہ مال دار ہے تو اس کے لیے یتیموں کے مال سے بچنا بہتر ہے، اور اگر فقیر ہو تو وہ بہتر طریقہ سے استعمال کر سکتا ہے، اور اگر وہ ان کے مال میں کام کرتا ہو تو وہ اس کی برابر اجرت لے سکتا ہے، یہ شرعی احکام ہیں، جن میں انتہائی درجہ کی حکمت اور عدل و انصاف پایا جاتا ہے.

اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے:

بے سمجھ اور بے عقل لوگوں کو اپنا وہ مال نہ دو جسے اللہ تعالی نے تمہاری گزران کا ذریعہ بنایا ہے، ہاں انہیں اس

مال سے کھلاؤ پلاؤ، اور انہیں لباس پہناؤ، اڑھاؤ، اور انہیں معقولیت کے ساتھ نرم بات کہو، اور یتیموں کے بالغ ہونے تك انہیں سدھارتے اور آزماتے رہو پھر اگر ان میں تم ہوشیاری اور حسن تدبیر پاؤ تو ان کے مال انہیں سونپ دو، اور ان کے بڑے ہو جانے کے ڈر سے ان کے مال کو جلدی جلدی فضول خرچیوں میں تباہ نہ کردو، مالداروں کو چاہیے کہ وہ ( ان کے مال سے ) بچتے رہیں، ہاں مسکین اور محتاج ہو تو دستور کے مطابق واجبی طور پر کھا لے، پھر جب انہیں ان کے مال دو تو اس پر گواہ بنا لیا کرو، در اصل حساب لینے والا اللہ تعالی ہی کافی ہے النساء ( 5 ـ 6 ).

حافظ ابن کثیر رحمہ اللہ کہتے ہیں:

قولہ: اور تم ان کا مال جلدی جلدی فضول خرچیوں میں تباہ نہ کر دو .

اللہ سبحانہ وتعالی بغیر ضروری حاجت کے یتیموں کا مال کھانے سے منع فرما رہے ہیں .

( جلدی جلدی فضول خرچي میں ) یعنی ان کے بالغ ہونے سے قبل ہی

پھر اللہ سبحانہ وتعالی نے فرمایا:

اور جو کوئی مالدار ہے وہ ( ان کا مال کھانے سے ) بچے .

وہ اس مال سے بچے اور اس میں سے کچھ بھی نہ کھائے، اور الشعبی رحمہ اللہ کہتے ہیں: وہ اس کے لیے مردار اور خون کی طرح ہی ہے.

اور جو کوئی فقیر اور محتاج ہو تو وہ دستور کے مطابق کھا لے .

یہ یتیم کے ذمہ دار اور والی کے متعلق نازل ہوئی جو اس کی ضروریات اور مصلحت کا خیال رکھتا ہے، اگر وہ خود محتاج اور فقیر ہے تو وہ اس سے کھا سکتا ہے.

عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا بیان کرتی ہیں کہ: یہ آیت یتیم کے والی اور ذمہ دار کے بارہ میں نازل ہوئی:

اور جو کوئی مالدار ہے ( تو وہ یتیم کا مال کھانے سے ) وہ بچے، اور جو کوئی فقیر اور محتاج ہے وہ اس سے دستور کے مطابق کھا لے .

یعنی جس قدر اس کا خیال رکھتا ہے.

فقہاء رحمہم اللہ کا کہنا ہے:

وہ دونوں معاملوں اس كى مثل اجرت، يا پھر بقدر ضرورت كھا سكتا ہے، اور اس ميں اختلاف ہے كہ: جب وہ ميسور الحال ہو جائے اور تنگ دستى ختم ہو جائے تو كيا اسے مال واپس كرنا ہو گا ؟

اس ميں دو قول ہيں: وہ واپس نہيں كريگا؛ كيونكہ اس كے اپنے كام كى مزدورى اور اجرت كھائى ہے، كيونكہ وہ فقير اور محتاج تھا، امام شافعى كے اصحاب كے ہاں يہى صحيح ہے؛ كيونكہ آيت ميں بغير كى بدل كے كھانا مباح كيا ہے...

دوسرا قول يہ ہے كہ: جى ہاں؛ واپس كرنا ہوگا؛ كيونكہ يتيم كا مال كھانے سے منع كيا گيا ہے، اور صرف ضرورت كى وجہ سے مباح ہوا ہى تو وہ اس كے بدلے ميں اسے واپس كرنا ہوگا، جس طرح مضطر اور مجبور شخص ضرورت كے وقت كسى دوسرے كا مال استعمال كرے تو وہ واپس كريگا...

اور جو كوئى مالدار ہو تو وہ بچھے .

يعنى يتيم كے وليوں ميں سے.

اور جو كوئى فقير اور محتاج ہو يعنى انہيں ميں سے.

تو وہ دستور كے مطابق كھا لے .

يعنى اچھے طريقہ كے ساتھ، جيسا كہ دوسرى آيت ميں اللہ تعالى كا فرمان ہے:

اور تم يتيموں كے مال كے قريب بھى مت جاؤ مگر اچھے اور بہتر انداز سے حتى كہ وہ ( يتيم ) اپنى بلوغت كو پہنچ جائيں .

يعنى اس كے مال كے قريب نہ جاؤ مگر اس كى ضرورت حاجت كے وقت، اور اگر تم اس كے محتاج اور ضرورتند ہو تو پھر اچھے طريقہ كے ساتھ كھا لو "

ديكھيں: تفسيرابن كثير ( 1 / 454 - 455 ) مختصرا.

اور عبد اللہ بن عمرو رضى اللہ تعالى عنہ بيان كرتے ہيں كہ ايك شخص نبى كريم صلى اللہ عليہ وسلم كے پاس آ كر كہنے لگا: ميں فقير اور محتاج ہوں ميرے پاس كچھ نہيں، اور ميرے پاس ايك يتيم ہے، تو رسول كريم صلى اللہ عليہ وسلم نے فرمايا:

" بغير كسى زيادتى اور فضول خرچى كيے، يتيم كے مال سے كھا ليا كرو، نہ تو جلدى كرو، اور نہ ہى اس كے مال كو

اپنے مال کے ساتھ ملانے کی کوشش کرو "

سنن ابو داود حدیث نمبر ( 2872 ) سنن نسائی حدیث نمبر ( 3668 ) سنن ابن ماجہ حدیث نمبر ( 2718 ) علامہ البانی رحمہ اللہ نے صحیح الجامع حدیث نمبر ( 4497 ) میں اسے حسن قرار دیا ہے.

قولہ: " مباذر " فضول خرچی کرنے والا.

قولہ: " متاثل " اصل مال سے لینے والا.

اگر تو آپ اس کے مال سے کام اور عمل کے عوض میں یتیم کا مال لینا چاہتے ہیں کہ آپ ان کی ضروریات کا خیال رکھتے ہیں، اور آپ کا یہ کام اجرت اور مزدوری کا مستحق ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں، لیکن اگر آپ صرف زیارت کرنے کی اجرت حاصل کرنا چاہتے ہیں تو پھر نہیں کیونکہ یہ عادت میں شامل نہیں کہ یتیموں کی زیارت کی جائے اور انہیں ملنے جایا جائے تو اور اس پر خرچ ہونے والی رقم یتیموں کے مال سے لی جائے، یہ تو اس کے بھی خلاف ہے جو آپ ان کےلباس اور کھانے پینے اور دوسرا سامان خرید کر دینے میں خرچ کرتے ہیں، کیونکہ یہ اشیاء تو ان کے مال سے ہی ہونگی.

اور اس لیے کہ آپ ایسے ملك میں بستے ہیں جہاں شرعی عدالت قائم ہے، اس لیے آپ اس سلسلے میں شرعی عدالت سے رجوع کریں، تا کہ قاضی یتیموں کی مصلحت کو مد نظر رکھ کر جو فیصلہ کرسکے. واللہ اعلم.

ہم آپ سے گزارش کرتے ہیں کہ آپ درج ذیل فرمان نبوی صلی اللہ علیہ وسلم پر بہت زیادہ غور فکر اور تامل کریں، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" اور جو کوئی پارسائی طلب کرے تو اللہ تعالی اسے پارسا بنا دیتا ہے، اور جو کوئی غنا اور تونگری طلب کرے تو اللہ تعالی اسے غنی کر دیگا، اور جو کوئی صبر کرے اللہ تعالی اسے صبر کرنے کی طاقت دیتا ہے، اور صبر سے بہتر کوئی عطا اور خیر نہیں ہے "

صحیح بخاری حدیث نمبر ( 1400 ) صحیح مسلم حدیث نمبر ( 1053 ).

آپ کو جان لینا چاہیے کہ آپ کے قرض کی ادائیگی کا حل پارسائی اور پاکدامنی و عفت طلب کرنا، اور غنا و تونگری اور صبر ہے.

مارکفوری رحمہ اللہ کا کہنا ہے:

" اور جو کوئی غنا طلب کرتا ہے " یعنی جو شخص لوگوں کا مال لینے سے مستغنی ہو کر غنا ظاہر کرتا ہے، اور

سوال کرنے سے بچتا ہے حتی کہ جاہل اسے اس عفت کی بنا پر غنی گمان کرنے لگتا ہے.

" اللہ تعالی اسے غنی کر دیتا " یعنی اسے غنی بنا دیتا ہے یعنی اس دل کا غنی بنا دیتا ہے، حدیث میں بیان ہوا ہے کہ:

" کثرت سامان سے غنا حاصل نہیں ہوتی، بلکہ غنا تو دل اور نفس کی ہے "

یا اللہ تعالی اسے وہ کچھ دے دیتا ہے جو اسے مخلوق سے مستغنی کر دیتی ہے.

" اور جو کوئی پارسائی طلب کریگا " استعفاف اور پارسائی یہ ہے کہ: عفت و عصمت طلب کرنا، اور وہ حرام کام کے ارتکاب اور لوگوں کے سامنے دست سوال پھیلانے سے رکنا ہے، یعنی جو شخص عفت طلب کرتا ہے اور اس میں تکلف کرتا ہے تو اللہ تعالی اسے یہ عطا فرما دیتا ہے.

" اللہ تعالی اسے عفت دے دیتا ہے " یعنی اللہ تعالی اسے عفیف بنا دیتا ہے، اور وہ ممنوعہ کام میں پڑنے سے اس کی حفاظت فرماتا ہے، یعنی جو شخص تھوڑی اور ادنی سی چیز پر راضی ہو جاتا ہے اور لوگوں کے سامنے دست سوال پھیلانے سے باز رہتا ہے تو اللہ تعالی اس پر قناعت میں آسانی پیدا فرما دیتا ہے، اور قناعت ايك ایسا خزانہ ہے جو کبھی ختم نہیں ہوتا.

" اور جو کوئی صبر طلب کرتا ہے " یعنی اللہ تعالی سے صبر کرنے کی توفیق طلب کرتا ہے، کیونکہ اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے:

اور آپ صبر کریں، اور آپ کا صبر اللہ کے بغیر نہیں .

یا پھر: وہ اپنے آپ کو صبر کا حکم دیتا اور مشکلات برداشت کرنے میں تکلف کرتا ہے.

" اللہ تعالی اسے صبر دیتا ہے " یعنی اللہ تعالی اس کے لیے صبر کرنا آسان کر دیتا ہے.

دیکھیں: تحفۃ الاحوذی ( 6 / 143 - 144 ) مختصرا.

واللہ اعلم .